Abba
FATHER'S FELLOWSHIP
INTERNATIONAL

# یسوع مسیح

## شکستہ دلوں کی شفا کیلئے آیا



''خداوند کا روح مجھ پر ہے۔اس لیے کہ اُس نے مجھے
غریبوں کو خوشخبری دینے کیلئے مسح کیا۔اُس نے مجھے بھیجا
ہے کہ قیدیوں کو رہائی اور اندھوں کو بینائی پانے کی خبر
سناؤں، کچلے ہوؤں کو آزاد کروں'' لوقا:4:18



مُصنف چپلن جان میکٹرنن
Founder of Parent Site:
**USA Prophecy.com**

# یسوع مسیح شکستہ دلوں کی شفا کیلئے آیا

''خُداوند خدا کی رُوح مجھ پر ہے کیونکہ اس نے مجھے مَسح کیا تا کہ حلیموں کو خوشخبری سناؤں۔ اُس نے مجھے بھیجا ہے کہ شکستہ دِلوں کو تسلی دوں۔
قیدیوں کیلئے رہائی اور اسیروں کیلئے آزادی کا اعلان کروں'' (یسعیاہ 61:1)

آج موجودہ دور میں منشیات کا استعمال، افسردہ دِلی اور خودکشی گھمبیر لمحہءفکریہ ہے۔ عام طور پر جب ہم منشیات یا نشہ آور چیزوں کی بات کریں تو لوگ ہیروئن، کوکین اور شراب جیسی اشیاء کے بارے سوچتے ہیں کہ مسلے کا صرف یہی حل ہے۔ اِس کے ساتھ ساتھ نشہ آور ادویات وغیرہ بھی جو لوگ اپنے آپ کو ذہنی سکون حاصل کرنے کیلئے استعمال کرتے ہیں ان ہی میں شامل ہیں، اور انسانی افسردگی، ذہنی کھچاؤ اور پریشانیاں بھی اسی طرح کی شکستگی کا موجب ہیں۔ اگر ہم شراب کو بھی اِس مسلے میں رکھ کر سوچیں تو محتاط اندازے کے مطابق لاکھوں کروڑوں انسان مندرجہ بالا منشیات کی نادیدنی قید میں جکڑے ہوئے ہیں۔

اِسی عنوان کو ہم توسیع دیتے ہوئے دیکھیں تو کروڑوں انسان ذہنی، معاشرتی، معاشی، خاندانی، ازدواجی اور روحانی پریشانیاں میں پھنسے نظر آتے ہیں، جو کوئی بھی منشیات استعمال نہیں کر رہے ہیں، اور اِن مسائل میں گِرے لوگوں کی تعداد بتدریج ہر سال بڑھتی نظر آتی ہے۔ جس کے باعث لوگ خودکشی کرنے پر آمادہ ہو جاتے ہیں یہ تمام معاملات کسی انسان کو روحانی اور جسمانی طور پر تباہ کر دیتے ہیں یہاں تک کہ موت کی نوبت آجاتی ہے۔ اِس لئے ممکن ہے کہ لوگ اپنی زندگی کے دُکھوں سے چُھٹکارا پانے کیلئے منشیات اور ادویات کا استعمال کرتے ہیں کہ اُن کی شکستگی کا علاج ہو سکے۔ ایسے کرنے سے لوگ اپنے دُکھوں سے نجات پانے کیلئے اپنی جان کو دکھوں میں ڈال دیتے ہیں حتٰی کہ باطنی شفا کیلئے خدا کے الٰہی اطمینان کی ضرورت ہے یہ ایک انتہائی کلیدی نقطہ ہے کہ خُدا نے اپنے بیٹے یسوع مسیح کو اسی لئے دنیا میں بھیجا۔ وہ اِسی لئے آیا کہ افسردہ دِلوں کو اور شکستہ دِلوں کو شفا بخشے اور ہمیں اپنا اطمینان دے جس کی انسانوں کو اشد ضرورت ہے۔ بائبل مقدس واضح بیان کرتی ہے کہ شکستگی سے دوچار ہونا کیا ہوتا ہے۔ یہ آنسوؤں سے بھری ایک ایسی توڑ پھوڑ ہوتی ہے کہ زندگی میں شاید آپ کو کبھی ہڈی کے ٹوٹنے کا مشاہدہ کرنے کا موقع میسر آیا ہو۔ بالکل ویسے ہی رُوحانی طور پر بھی توڑ پھوڑ ہوتی ہے۔ ایک شکستہ دِل تنہائی، غصہ، ردّ کیا جانا، مایوسی، جھوٹ، افسردگی، خوف، نا امیدی اور زندگی کی گُلفتوں سے دوچار ہوتا ہے۔ انسان کے احساسات اس قدر زخمی ہو جاتے ہیں کہ تھک ہار کے وہ منشیات اور نشے کی ادویات کا سہارا لیتا ہے۔ ایک شکستہ دِل ہی یہ تمام کام سرانجام دینے کا سبب ہوتا ہے حالانکہ رُوح کی شکستگی ان تمام باتوں کی مصدر ہے۔

## شکستگی کے اسباب

طلاق:۔ یہ خاص طور پر بچوں کی زندگی میں احساسِ کمتری اور تنہائی کا موجب ہے۔

گالی دینا:۔ یہ جسمانی، ذہنی اور جنسی طور پر اذیت دینا ہے۔

ان کے علاوہ حالت دَست برداری، نفرت، رَدّ کر دینا، لڑائی کرنا، حمل کو ضائع کر دینا، سانحہ اور آخر میں موت ہے۔ یہ تمام باتیں انسان کی زندگی اور رُوح کی شکستگی کا باعث ہیں۔ یہ دنیا پر ہماری شکستگی کو جنم دیتی ہے۔ ایک بار جب انسان کا دِل ٹوٹ جائے تو زمین پر کوئی بھی نہیں جو اس کا علاج کر سکے۔ ماہر نفسیات اور تمام ادویات بھی کسی شکستہ رُوح کا علاج نہیں کر سکتے ہیں۔ ہم نے پچھلے حصے میں پڑھا کہ کئی قسم کے طریقے ہیں جن کو ہم استعمال کرتے ہیں لیکن وہ تمام طریقے اور اشیاء قاصر ہیں۔ دنیا میں کوئی بھی ایسا بشر نہیں جو شکستہ دِل کی شکستگی کا علاج کرے کیونکہ اس کی جڑیں رُوح پیوستہ ہیں۔ شکستگی کے اثرات اور نتائج کو تو دیکھا جا سکتا ہے لیکن یسوع مسیح واحد شخصیت ہیں جو شکستگی کا علاج کر سکتا ہے۔ یسوع مسیح کا نام طبیب اعظم ہے جس کو خُدا باپ نے بھیجا تا کہ شکستہ دِلوں کا علاج کرے۔ اگر کسی کی ٹانگ کی ہڈی مختلف جگہوں سے ٹوٹ جائے تو ڈاکٹر اُسے نفاست سے جوڑنے کی کوشش کرے گا اور ممکن ہے کہ وہ ڈاکٹر اپنے اوزار استعمال کرے اور احتیاط سے بکھرے ٹکڑوں کو جوڑے اور بالکل ایسے ہی ہمارا شافی طبیب اعظم یسوع مسیح ہماری رُوحوں کو سمیٹتا اور یکجا کرتا ہے اور ہمارے دِلوں کو تسلی اور اطمینان سے بھرتا ہے۔ بائبل مقدس بتاتی ہے کہ شکستہ دِل ایک پتھر دِل ہوتا ہے۔ اور جب یسوع اُس کو شفا دیتا ہے تو وہ گوشتین دِل ہو جاتا ہے اور یہ بالکل ایسے ہی ہے جیسے دِل کا تبدیل کیا جانا ہے۔

''اور میں تمکو نیا دِل بخشونگا اور نئی رُوح تمہارے باطن میں ڈالونگا اور تمہارے جسم میں سے سنگین دِل کو نکال ڈالونگا اور گوشتین دِل تمکو عنایت کرونگا'' (حزقی ایل 36:36)

اور نیا تبدیل شدہ دِل خدا کے ساتھ ہم آہنگ ہوتا ہے اور یہ خُدا کی محبت اور تسلی سے لبریز ہوتا ہے۔ وہی احساسات جو لوگوں کی رُوحوں کو مجروح کرتے تھے وہی یسوع کے چُھوتے ہی مطمئن اور آزاد خیال ہو جاتے ہیں۔ پھر خزاں رسیدہ رُوح خُداوند کی شادمانی میں جھومنے اور مہکنے لگتی ہے۔ پاک رُوح کی مافوقُ الفطرت قدرت کے وسیلے خُدا ہمیں موت، افسردگی، ناامیدی، مایوسی سے جو کہ بہت سے لوگوں کو رُوحانی طور پر زخمی کرتے ہیں ان سے شفا اور رہائی دیتا ہے۔

''کیونکہ خُدا نے ہمیں دہشت کی رُوح نہیں بلکہ قدرت اور محبت اور تربیت کی رُوح دی ہے'' (2 تمتھیس 7:1)

بائبل میں سے خُدا نے انسان کے شکستہ دِل کا علاج اس لئے کیا کہ وہ اپنا پیار اور اطمینان ہمارے اندر بھرے۔ جیسے جیسے ہم خُدا میں بڑھتے جاتے ہیں ویسے ہی خُدا کی محبت اور

اطمینان ہمارے اندر ترقی کرتے جاتے ہے۔نقطہءنگاہ یہ ہے کہ کوئی ہمارے دِلوں سے مسیح کا اطمینان اور خُدا کی محبت چھین نہیں سکتا۔خُدا نے اپنے بیٹے خُداوند یسوع مسیح کو بھیجا کہ وہ ہمارے شکستہ دِلوں کو شفا دے۔اب کوئی بھی چیز ہمیں اُس کی محبت سے جدا نہیں کر سکتی۔ہم خُدا کی کامل محبت اور اطمینان میں خُدا کے ساتھ زندگی گزار سکتے ہیں۔کامل شفا حاصل کرنے کیلئے اول قدم یہ ہے کہ ہم یسوع مسیح کی خوشخبری پر ایمان لائیں۔خُدا شکستہ دِلوں کو شفا دے سکتا ہے لیکن گناہ ہماری شفا میں ایک بڑی رکاوٹ ہے۔گناہ ایک سنجیدہ مسئلہ ہے جسکے باعث لوگ خُدا سے جُدا ہیں۔خُدا نے یسوع مسیح کو بھیجا کہ وہ اِس کو مٹائے۔گناہ کی مزدوری موت ہے پر یسوع مسیح نے اپنا خون بہا کر صلیب پر ہمارے گُناہوں کیلئے اپنی جان دے دی۔اِس لئے ہم یسوع مسیح کے وسیلے سے گُناہوں کی معافی اور خُدا کے ساتھ رشتہ قائم کر سکتے ہیں۔ یسوع مسیح ہی کے وسیلے ہم ہمیشہ کی زندگی پا سکتے ہیں ۔جب ہمیں گُناہوں سے معافی مل جاتی ہے تو خُدا خوشی سے آزادی سے ہماری شفا کا کام کرتا ہے۔

”کیونکہ خُدا نے دنیا سے ایسی محبت رکھی کہ اس نے اپنا
اکلوتا بیٹا بخش دیا تا کہ جو کوئی اس پر ایمان لائے ہلاک نہ ہو
بلکہ ہمیشہ کی زندگی پائے“(یوحنا3:16)

رُوحانی شفا کیلئے دوسرے اقدم آپ کے ارد گرد دوسرے لوگوں کی معافی سے متعلق ہے۔یہ معافی کوئی آپ کا پڑوسی یا آپ کے خاندان کے لوگ اور ماں باپ بھی ہو سکتے ہیں اور اِن کی خُدا کے ساتھ ہم آہنگی ضروری ہے۔خُداوند یسوع مسیح کے وسیلے خُدا ہمیں معاف کرتا ہے اور وہ ہم سے تقاضا کرتا ہے کہ ہم اُن کو بھی معاف کریں جنھوں نے ہماری خلاف ورزی کی ہمارے قصوروار ہیں اور ہمیں دُکھ دیا ہے۔

”اِسلیے کہ اگر تم آدمیوں کے قصور معاف کروگے تو
تمہارا آسمانی باپ بھی تم کو معاف کریگا“(متی14:6)

اگر کوئی شخص یہ سوچتا ہے کہ فلاح شخص نے میرا گناہ کیا ہے اور مجھے دُکھ دیا ہے تو اُس کا قصور نا قابِل معافی ہے تو اُس شخص کو خُدا کے فضل اور محبت کے پاس آنے کی ضرورت ہے کہ خُدا اُس کو معاف کرنے والا دِل دے۔خُدا یقینا آپ کو وہ سب کچھ عطا کرے گا جس کی آپ کو ضرورت ہے۔یہ معافی ہمیں اپنے آپ سے شروع کرنی چاہیے کیونکہ کچھ لوگ ایسے ہیں جو یہ سوچتے ہیں کہ ان کے گناہ زیادہ گھنوؤنے ہیں خُدا کبھی اُن کو معافی نہیں دے گا،بعض اوقات ایسے حالات اُن خواتین کے ساتھ پیش آتے ہیں جو اپنے حمل کو ضائع کروادیتی ہیں یا بچے کو پیٹ ہی میں مروا ڈالتی ہیں ،اگر کوئی کیسی بھی حالت میں یسوع کی طرف آئے اور اپنے گناہوں کا اقرار کر کے ان کو ترک کرے تو خُدا اُس کو معاف کر دیتا ہے۔ایسے حالات

میں اُن لوگوں کو یہ بات قبول کرنی چاہیے کہ خُدا جو محبت کا خُدا ہے اُس نے مجھے معاف کر دیا اور میری شکستہ رُوح کو شفا بخشی ہے۔

کچھ لوگ اپنی زندگی میں خُدا سے دشمنی اور عداوت رکھتے ہیں۔اس عداوت اور دشمنی کا خاتمہ کر کے اپنے گناہ کا اقرار کریں کہ خُدا ہمیں دِل کی سختی سے نجات دے تو خُدا ہمارے شکستہ دِل کا علاج کرنے کا اہل ہے۔

ایک بار کوئی شخص جب اپنے قصورواروں کو معاف کرتا ہے چاہے کیسا بھی دُکھ کسی نے آپ کو کیوں نہ دیا ہو آپ معاف کر دیں تو خُدا آپ کو شفا اور آزادی کی نعمت سے بھرے گا اور آپ کے گناہ معاف کرے گا۔شکستہ دِلوں کی شفا، خُدا کیلئے انتہائی ضروری ہے، خُدا اس معاملے کو معمولی نہیں سمجھتا لیکن اس کی ترتیب اور آغاز یسوع مسیح کی ہمیشہ کی زندگی کی خوشخبری سے ہوتا ہے۔

خُداوند یسوع مسیح پر ایمان لے آنے ہی سے خُدا ہماری زندگی کو برکتوں سے بھرتا اور ہماری ضرورتوں کو پورا کرتا اور ہمارے شکستہ دِلوں کو شفا اور اطمینان دیتا اور ہمارے دِلوں کو محبت سے لبریز کرتا ہے۔

## خُدا بطور ہمارا آسمانی باپ

”کیونکہ تم کو غلامی کی رُوح نہیں ملی جس سے پھر ڈر پیدا ہو بلکہ لے پالک ہونے کی رُوح ملی جس سے ہم ابّا یعنی اے باپ کہہ کر پکارتے ہیں“ (رومیوں 8:15)

کیسی ہی خوشبختی اور خوش نصیبی کی بات ہے کہ کائنات کا خالق اور مالک ہمارے ساتھ باپ کا رشتہ قائم کرنا چاہتا ہے۔لفظ ABBA یہ عبرانی لفظ ہے جو باپ کیلئے استعمال ہوا ہے ۔جب کوئی شخص اپنے گناہوں کا اقرار کرتا ہے اور یسوع مسیح پر ایمان لاتا ہے پھر وہ شکستگی سے نجات پاتا ہے۔تو خُدا خواہش کرتا ہے کہ وہ اُس شخص سے خاص رشتہ قائم کرے۔آپ خُدا باپ پر کامل بھروسہ کر سکتے ہیں کہ وہ آپ کی زندگی میں آپ کو بچانے اور ہر طرح آپ کی جائز ضرورتیں پوری کرنے کی قدرت رکھتا ہے۔

آپ خود سے اپنے آپ کو نہیں بچا سکتے بلکہ خُدا باپ جو آپ کے دل میں اس ایمان کو پیدا کرتا اور جگاتا ہے کہ آپ اس پر بھروسہ رکھیں اور اپنے آپ کو آزاد محسوس کریں۔اگر کسی شخص کی زندگی میں اُس کا جسمانی باپ گالیاں دینے والا، ضرورتیں پوری نہ کرنے والا ہو تو یقیناً وہ شخص آسمانی باپ کے بارے میں بھی ایسی ہی سوچ رکھے گا۔اگر کوئی شخص مرد یا عورت بچپن ہی سے باپ کی محبت سے محروم رہا ہو یا اُس کے باپ نے ہمیشہ اسے ردّ کیا ہو تو وہ شخص آسمانی باپ کے بارے میں بھی ایسی ہی سوچ رکھے گا۔حالانکہ یہ سچ نہیں۔

ہم یقیناً آسمانی باپ کو ویسے ہی دیکھتے ہیں جیسے ہم نے زمینی باپ سے سیکھا اور پایا ہے، اِسی لیے والدین سے اپیل ہے کہ وہ اپنی اولاد کو محبت اور ہر حالت میں قبولیت کی نظر سے

دیکھیں۔ اگر آپ اپنی زندگی یسوع مسیح کے وسیلے سے خُدا کو دیں تو وہ آپ پر اپنی محبت ظاہر کرے گا۔ وہ اِسی طرح کا پاک اور خاندانی رشتہ آپ سے رکھنا چاہتا ہے۔ ہوسکتا ہے کہ یہ کچھ وقت پر محیط ہو لیکن خُدا آپ کو برکت دے گا اور آپ کے ساتھ بچوں کی طرح سلوک کرے گا اور آپ کی ضرورتوں کو پورا کرے گا۔

# شکستہ دِلوں کیلئے دُعا



''اے خُدا میں اپنے گناہوں کا اقرار کرتا ہوں اور توبہ کرتا ہوں۔ میں ایمان رکھتا ہوں کہ یسوع مسیح نے میرے گناہوں کی خاطر اپنا پاک لہو بہایا اور اپنی جان صلیب پر دی اور میری خاطر مر گیا۔ میں اِقرار کرتا ہوں کہ یسوع مسیح میرا خُداوند اور نجات دہندہ ہے اور میرا یقین ہے کہ اب میں ہمیشہ کی زندگی کا وراث ہوا ہوں اور اے خُدا تو میرا آسمانی باپ اور خُدا ہے ، اے باپ میں مِنت کرتا ہوں کہ میرے دِل کی شکستگی کا علاج کر، میں اپنے ستانے والوں اور اپنے قصورواروں کے قصور معاف کرتا ہوں۔ اے خُدا اپنی کرم نوازی سے مجھے خوف ، مایوسی ، دہشت ، ناامیدی ، غصے اور حسد سے نجات اور رہائی عطا کر۔ اور مجھے نشے جیسی گندی اور گھناؤنی لعنت سے اور بُری عادتوں سے بچا۔ میں تیرا شکر کرتا ہوں اے خُدا کہ تو نے اپنے پیارے بیٹے خُداوند یسوع المسیح کو زمین پر میرے گناہوں کی معافی کیلئے بھیجا تا کہ میں اپنی شکستگی سے شفا پا کر تجھ خُدائے واحد اور آسمانی باپ کو پہچان سکوں۔

''خُداوند کا رُوح مجھ پر ہے۔ اس لیے کہ اس نے مجھے غریبوں کو خوشخبری دینے کیلئے مَسح کیا۔ اُس نے مجھے بھیجا ہے کہ قیدیوں کو رہائی اور اندھوں کو بینائی پانے کی خبر سناؤں۔ کُچلے ہوؤں کو آزاد کروں'' (لوقا18:4)

آرگنائزر
پاسٹر سالک جان۔ پاسٹر جمیل سالک
ایمبیسڈر آف گاڈ چرچ اینڈ منسٹریز انٹرنیشنل
رابطہ
0300-6606310
revsalikjohn@gmail.com